© rasailojaraid.com



# مطبوعات

جہاد تالیف: بریگیڈیر گلزار احمد صاحب ۔ شائع کردہ: مکتبہ المنار، ۴ الف، گلستان کالونی، راولپنڈی ۔ صفحات ۳۶۰ ۔ قیمت ۱۲ روپے ۔

کتاب کے فاضل مصنّف ہماری فوج کے اُن چند افراد میں سے ہیں جو تلوار اور قلم کے دھنی ہونے کے ساتھ ساتھ قلب و نگاہ کے اعتبار سے بھی مسلمان ہیں ۔ میدانِ کارزار میں تو انہوں نے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہی ہوں گے، کیونکہ ان کارناموں کی وجہ ہی سے وہ اس عظیم رتبے تک پہنچے ہیں مگر قلم سے بھی وہ بہت مفید کام لے رہے ہیں ۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اُن کی سلامتیٔ فکر، اسلام کے ساتھ گہرے تعلق اور فنِ حرب سے پُوری پُوری واقفیت کی آئینہ دار ہے ۔

جہاد کی تعریف کرتے ہوتے فاضل مصنّف فرماتے ہیں :

" جہاد وہ جنگ ہے جو اللہ کی راہ میں لڑی جائے ۔ اس جنگ کا اعلان، اس کے ہر لمحہ میں مسلمانوں کا عمل اور اس کے ختم ہونے کا طور طریقہ اور متارکہ جنگ کے اعلان کے بعد کے بیّن قومی مسائل کو سلجھانا غرضیکہ شروع سے آخر تک ہر بات اور ہر کام کو اللہ کے احکام کے مطابق ہونا چاہیے، ورنہ وہ عام جنگ تو ہو سکتی ہے اس پر جہاد کا اطلاق نہیں ہو سکتا ۔ . . . جہاد یعنی اللہ کی راہ میں جنگ اس دین کا باعزت فریضہ ہے جس میں کافر کو قتل کرنا تو کجا اُسے بجبر مسلمان بھی نہیں بنایا جا سکتا . . . . یہ جنگ جوع ارض اور دولت کی طمع یا نام و نمود کے لیے نہیں ہو سکتی بلکہ صرف اللہ کی خوشنودی کے لیے لڑی جا سکتی ہے ":

© rasailojaraid.com